AKASHVANI NEWS SRINAGAR

Text of Urdu News Bulletin
Dated : 04 November 2026
Time : 12:30 / PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے۔
دوپہر کے **12** بجکر **30** منٹ ہوئے ہیں۔
خبروں کا بلیٹن لیکر میں عارف حسین بٹ۔

PM

وزیرِاعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ سینٹرل ریزرو پولیس فورس یعنی سی آر پی ایف نے 47 برسوں میں پہلی مرتبہ مسلسل 12 ماہ تک آپریشنل کارروائیوں کے دوران کسی اہلکار کی ہلاکت کے بغیر ایک اہم سنگِ میل عبور کیا ہے۔ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیرِاعظم نے اسے ایک بڑی کامیابی قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ سی آر پی ایف کے ڈائریکٹر جنرل گیانیندر پرتاپ سنگھ کے مطابق بہتر ساز و سامان، جدید تربیت، مؤثر حکمتِ عملی اور زخمی اہلکاروں کو فوری طبی امداد کی فراہمی اس کامیابی کی اہم وجوہات ہیں۔

CM تعزیت

وزیرِاعلیٰ عمر عبداللہ نے حلقہ انتخاب لال چوک کے اسمبلی ممبر احسان پردیسی کے والد غلام قادر پردیسی کے انتقال پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔ایک سوشل میڈیا پیغام میں وزیرِاعلیٰ نے مرحوم کو ایک سینئر سیاسی لیڈر اور قانون ساز کونسل کے سابق رکن کی حیثیت سے یاد کرتے ہوئے کہا کہ مرحوم کی سیاسی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔انہوں نے سوگوار خاندان کے ساتھ تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کے انتقال کو سیاسی میدان کیلئے ایک بڑا نقصان قرار دیا۔

رمیش کمار

محکمہ دیہی ترقی اور پنچائتی راج کے سیکرٹری رمیش کمار نے اپنے محکمے کے تحت زیر عمل سبھی کاموں کی بروقت تکمیل یقینی بنانے کی ہدایت دی ہے۔وہ صوبہ جموں میں محکمے کی ترقیاتی سرگرمیوں کا افسروں کی ایک میٹنگ میں جائزہ لے رہے تھے۔اس دوران انہوں نے ترقیاتی کاموں کی ہر مرحلے پر نگرانی کے ساتھ سبھی پروجیکٹوں کی معیاد بند تکمیل یقینی بنانے کی ہدایت دی، تاکہ ان کے فوائد جلد سے جلد عوام تک پہنچ سکیں۔

اننت ناگ

ضلع ترقیاتی کمشنر اننت ناگ ڈاکٹر بلال محی الدین بٹ نے سرد موسم کے پیش نظر ضلعے کے اسپتالوں میں گرمائش کے مناسب انتظامات کرنے اور دیگر زیر عمل پروجیکٹوں کی بروقت تکمیل یقینی بنانے کی ہدایت دی ہے۔وہ گورنمنٹ میڈیکل کالج اننت ناگ کے دورے پر تھے، جہاں انہوں نے ترقیاتی عمل کے علاوہ مریضوں کیلئے دستیاب طبی نگہداشت کی سہولیات کا برسر موقعہ جائزہ لیا۔

بارہ مولہ

گورنمنٹ ڈگری کالج بارہ مولہ میں وکست بھارت یوتھ پارلیمنٹ **2027** کا ضلع سطح کا پروگرام منعقد ہوا جہاں ضلع کے ترقیاتی کمشنر ڈاکٹر سید فخر الدین حامد مہمان خصوصی تھے۔پروگرام کا آغاز قومی گیت اور قومی ترانے سے ہوا جس کے نتیجے میں وہاں حب الوطنی کا موحول چھا گیا۔اس موقعے پر میرا یوا بھارت کے بارہ مولہ یونٹ کے ضلع یوتھ آفیسر سری جن سنگھ نے اس پروگرام کی افادیت بیان کرتے ہوئے قومی اہمیت کے معاملات پر اپنے خیالات کا اظہار کرنے کیلئے نوجوانوں کی شرکت کی حوصلہ افزائی کی۔

بانڈی پورہ

پرنسپل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشنز جج بانڈی پورہ جیما بشیر کی صدارت میں ضلع کورٹ کمپلیکس کے کانفرنس

ہال میں انڈر ٹرائل جائزہ کمیٹی کی ایک میٹنگ منعقد ہوئی، جس کا مقصد زیر سماعت قیدیوں کے معاملات کا بروقت جائزہ لینا، اہل قیدیوں کی رہائی کو یقینی بنانا اور انصاف تک ان کی رسائی کو فروغ دینا تھا۔ میٹنگ میں ضلع مجسٹریٹ اندو کنول چب، ایس ایس پی طاہر سلیم خان، ضلع لیگل سروسز اتھارٹی کے سیکرٹری بابر حسین اور مختلف جیل سپرانٹنڈنٹوں کے علاوہ دیگر متعلقہ افسران بھی موجود تھے۔ میٹنگ میں مجموعی طور پر زیر سماعت قیدیوں کے **11** اہل معاملات کا ابتدائی جائزہ لیا گیا۔

بیداری پروگرام

اسی دوران بانڈی پورہ کے قبائلی علاقوں میں جن جاتیہ گورو پکھواڑہ **2026** کے تحت بیداری اور عوامی رابطے کی متعدد سرگرمیوں کا انعقاد کیا گیا، جن کا مقصد تعلیمی مواقعے کو فروغ دینا، صحت سہولیات تک رسائی بہتر بنانا اور سرکاری فلاحی اسکیموں کے بارے میں عوام کو آگاہ کرنا تھا۔ گورنمنٹ ڈگری کالج تُلیل میں طلباء کیلئے سکالرشپ سے متعلق جانکاری کی ایک نشست منعقد کی گئی جس میں انہیں تعلیمی وظائف اور معاونتی اسکیموں کی نسبت سے جانکاری دی گئی۔

SMC

سرینگر میونسپل کارپوریشن کے کمشنر ڈاکٹر بشارت قیوم نے شہر کے اندر غیر قانونی تعمیرات پر مکمل روک لگانے اور ناجائز تجاوزات کو ہٹانے کیلئے کارروائیاں تیز کرنے کی ہدایت دی ہے۔ جو اہدہی یقینی بنانے کے ایک اقدام کے طور پر انہوں نے اپنی ڈیوٹی میں کوتاہی برتنے والے **3** زونل انفورسمنٹ افسروں کی تنخواہیں روکے رکھنے کے احکامات جاری کئے۔

قومی خبریں

اور اب چند قومی خبریں:۔

ا۔ وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے کہا ہے کہ بھارت کا ہدف **2029** تک **3** لاکھ کروڑ روپے کی دفاعی پیداوار اور **50** ہزار کروڑ روپے کی دفاعی برآمدات حاصل کرنا ہے۔ جیسلمیر میں وزارت دفاع

کی مشاورتی کمیٹی سے خطاب کرتے ہوئے وزیر دفاع نے کہا کہ حکومت جدید ٹیکنالوجی سے لیس فوج تیار کرنے کیلئے پُرعزم ہے جو موجودہ اور مستقبل کے سلامتی چیلنجوں سے نمٹنے کی صلاحیت رکھتی ہو۔

۲۔ دفاعی تحقیق اور ترقی کی تنظیم **DRDO** نے اڑیشہ کے ساحل پر چندی پور کے مربوط ٹیسٹ رینج سے دیسی ساخت کے **Pralay** نیم بیلسٹک میزائل کا کامیاب تجربہ کیا۔ لانچ کمپلیکس سے داغے جانے کے بعد زمین سے زمین تک وار کرنے والے اس میزائل نے تقریباً **5** سو کلو میٹر کے فاصلے پر دو فرضی اہداف کو کامیابی کے ساتھ نشانہ بنایا۔

Closing

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔ خدا حافظ۔